# 10210 ـ عورت اپنے گھرسے باہردعوتی کام کیسے کرے

**سوال**

کیا عورت کے لیے گھرسے باہر دعوتی کام کرنے کی کوئ گنجائش ہے ؟ اوراگرہے تو کس طرح ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

عورت کےلیے گھراورخاندان میں دعوتی کام کرنے کی گنجائش ہے کہ اپنے خاوند اوراپنے محرموں میں سے مرد و عورتوں کودعوت دے ، اوراسی طرح اس کے لیے یہ بھی گنجائش ہے کہ وہ صرف عورتوں کواپنے گھرسے باہر اسلامی دعوت کا کام کرے ۔ لیکن یہ یاد رکھیں کہ اس دعوت کے لیےکوئ ایسا سفرنہیں ہونا چاہیے جوخاونداوریا پھر محرم کے بغیر ہو اورپھراگر وہ شادی شدہ ہوتوخاوند کی اجازت اورضرورت کے ساتھ ہونی چاہیے ، اوراس سے عورت کےخاندانی حقوق جو کہ اس سے زیادہ واجب ہیں اسے ضائع نہیں ہونا چاہیے .